# زاویہ

## (ٹرسٹ) سکول

کا بنیادی مقصد تعلیم و تربیت کا ایک ایسا ماحول قائم کرنا ہے جس کے نتیجے میں طلبا اسلامی روایت اور اپنی تہذیب سے وابستہ ہونے کے ساتھ ساتھ معاصر علوم اور آج کے عہد کا شعور رکھتے ہوں۔

ہر تہذیب کا مستقبل اس کے تعلیم کے اداروں سے وابستہ ہوتا ہے۔ تعلیمی ادارے ہی وہ جگہ ہوتے ہیں جہاں معاشروں کا مقدر لکھا جاتا ہے۔ ہمارے اِردگرد زوال کا جو عمل جاری ہے اُس کی جڑیں بھی ہمارے تعلیمی نظام کی پستی اور فرسودگی میں ہیں۔ اِس تعلیمی نظام کا سب سے بڑا المیہ اِس کا طبقاتی بنیادوں پر اُستوار ہونا ہے۔ معاشرے کے نچلے طبقات کے لیے اِس تعلیمی نظام میں مشکل سے ہی کوئی جگہ نکلتی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ اِن طبقات کی اکثریت دینی مدارس کا رُخ کرتی ہے اور یہاں سے دوسرا بڑا المیہ شروع ہوتا ہے۔ یہ المیہ دینی اور دنیوی علوم میں دُوئی اور بیگانگی ہے۔ ایک طرف کالج اور یونیورسٹی کے لبرل طلباء ہیں جو سب کچھ جانتے ہیں سوائے اپنی تہذیب اور اپنے دین کے اور دوسری طرف دینی مدارس کے طلباء ہیں جو عصری تعلیم اور عہدِ حاضر کے تقاضوں سے یکسر بے خبر ہیں۔ دینی لحاظ سے اور معاشرتی اعتبار سے یہ ایک خطرناک صورتِ حال ہے۔ اس صورتِ حال کا لازمی نتیجہ معاشرے کے مختلف گروہوں اور امتِ مسلمہ کے مختلف طبقات میں تصادم ہے۔

زوال اور انتشار کی اِس دلدل سے نکلنے کے لیے ہمیں ایسے سکالرز کی ضرورت ہے جو ایک طرف اپنی دینی اور تہذیبی روایت سے پوری طرح وابستہ ہوں اور دوسری طرف مغربی علوم، فلسفے اور سائنس کو گہرائی سے سمجھتے ہوں۔ اور سب سے اہم بات یہ کہ اِس علمی رسوخ کے ساتھ ساتھ ان کا باطن بھی اخلاقی و روحانی اوصاف سے روشن ہو۔

وہ اپنے عِلم اور اخلاق کی بنیاد پر قوم کی راہنمائی اور خدمت کی صلاحیت بھی رکھتے ہوں اور جذبہ بھی۔ اِس ذوق کی آبیاری کرنا زاویہ ٹرسٹ سکول کا مشن ہے۔

زاویہ ٹرسٹ سکول ایک ایسا تعلیمی ادارہ ہے جہاں عصری علوم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ طلباء کی دینی اور اخلاقی تربیت کی جائے گی۔

زاویہ ٹرسٹ سکول کا بنیادی مقصد تعلیم و تربیت کا ایک ایسا ماحول قائم کرنا ہے جس کے نتیجے میں طلبا:

۱ اسلامی روایت اور اپنی تہذیب سے وابستہ ہونے کے ساتھ ساتھ معاصر علوم اور آج کے عہد کا شعور رکھتے ہوں۔

۲ انسانی تاریخ اور خصوصاً مغربی تہذیب کی علمی اور سماجی تاریخ کو تنقیدی شعور کے ساتھ سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

۳ جدید عہد کے چیلنج اور امکانات سے بخوبی واقف ہوں۔


۴ تقویٰ، سچائی، ایمانداری، نظم و ضبط، پاکیزگی اور انسانیت کی محبت جیسی اعلیٰ صفات کے حامل ہوں اور جو پیغمبرِ اسلام ﷺ کی زندگی کو اپنے لیے مشعلِ راہ سمجھتے ہوں۔

۵ انسانیت کے لیے احساس، نرمی اور ہمدردی کا رویّہ رکھتے ہوں۔

زاویہ ٹرسٹ سکول کا تعلیمی نظام صرف اساتذہ کے لیکچرز، کتابوں کے مطالعے اور امتحانات کے گریڈز تک محدود نہیں ہو گا بلکہ ایک ایسی فضا تشکیل دی جائے گی جس میں طلباء کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی نشوونما ہو سکے۔ زیادہ تر تعلیم عملی سرگرمیوں، ٹیم ورک اور پراجیکٹس کے ذریعے ہو گی۔ یہ ایک ایسا ماحول ہو گا جس میں طلباء اپنی عملی سرگرمیوں اور پراجیکٹس کے لیے فطری طور پر کتاب سے راہنمائی لیں گے اور یوں کتاب ایک بوجھ بننے کی بجائے اُن کی دوست بن جائے گی۔ اس ماحول میں طلباء کے لیے علم حاصل کرنے کا مقصد محض امتحانات میں اچھے گریڈز لینا نہیں ہو گا بلکہ اُن میں علم کے لیے ایک ذوق پیدا کیا جائے گا جو اُن کے فطری تجسّس کی تسکین کرے گا۔

زاویہ ٹرسٹ سکول ایک بورڈنگ سکول ہے۔ ہمارے پیشِ نظر تعلیم و تربیت کا جو ماحول ہے وہ ایسے بورڈنگ سکول ہی میں ممکن ہے جہاں اساتذہ کی بھی رہائش ہو۔ ہمارے اساتذہ کے لیے درس و تدریس صرف ایک پیشہ نہیں ہے بلکہ وہ اسے اپنے کردار کی تکمیل کا ایک ذریعہ سمجھتے ہیں اور سچائی، پاکیزگی اور بصیرت کا حصول اُن کی زندگی کا نصب العین ہے۔

ON TO OUR TIMES







زاویہ ٹرسٹ سکول کوئی سطحی تجربہ نہیں ہے جس میں جدید علوم اور دینی علوم کی پیوند کاری کردی گئی ہو۔ زاویہ ٹرسٹ سکول کی ٹیم کے بنیادی ارکان نے گزشتہ کئی برس مشرق و مغرب کے مختلف تعلیمی نظاموں پر گہرا غور و خوض کیا ہے۔

کسی پراجیکٹ کی کامیابی کی سب سے بنیادی کلید ایک ایسی ٹیم کی تیاری ہوتی ہے جس کے ارکان میں فکری اور عملی دونوں طرح کی صلاحیتیں موجود ہوں اور جو اپنے نصب العین کے حصول کے لیے مخلص بھی ہوں اور پرعزم بھی۔

الحمدللہ! ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ ایک ایسی ٹیم تشکیل پا چکی ہے جو زاویہ ٹرسٹ سکول قائم کرنے کے لیے اپنے آپ کو وقف کر چکی ہے۔ Board of Advisors کی شکل میں ایک Think Tank بھی وجود میں آچکا ہے۔ Faculty تیار ہے، Teaching Methods اور Techniques پر کام ہو چکا ہے۔
سکول بطور ٹرسٹ کے رجسٹرڈ ہو چکا ہے۔ اب زمین خریدنے اور اس پر عمارت تعمیر کرنے کا وقت ہے۔

آیئے اس پراجیکٹ کو کامیاب بنانے میں ہمارا ساتھ دیجیے۔ زاویہ ٹرسٹ سکول ایک ایسا باغ ہے جس کے پھل اور جس کی خوشبو سے ان شاء اللہ آنے والی بے شمار نسلیں مستفید ہوں گی۔

ہم تو اس دنیا میں نہیں ہوں گے لیکن آپ کے لگائے گئے پودے اپنی بہار دیتے رہیں گے۔

ایک اہم بات یہ ہے کہ زاویہ ٹرسٹ سکول کے کم از کم نصف طلبا یتیم اور مستحق بچوں پر مشتمل ہوں گے۔

یہ ایک عظیم صدقہ جاریہ ہے۔ اور اس عارضی زندگی میں اس صدقہ جاریہ کی توفیق ملنا انسان کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

LINKING ISLAMIC TRADITI






# فیکلٹی اینڈ ایڈمنسٹریشن



**راؤ شاہد رشید** (پرنسپل اینڈ ڈائریکٹر اکیڈمکس)

ایم ایس سی سوشیالوجی (آکسفورڈ، انگلینڈ)
ایل ایل بی (پنجاب یونیورسٹی)
بی ایس سی الیکٹریکل انجینئرنگ (یو ای ٹی، لاہور)



**صفدر عباس** (وائس پرنسپل، وارڈن)

ایم فل اینتھروپولوجی
(قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد)



**عبدالرؤف** (ڈائریکٹر تعلقات عامہ)

ایم فل انجینئرنگ مینجمنٹ (سنٹر فار ایڈوانسڈ سٹڈیز، اسلام آباد)
بی ایس۔ آئی ٹی (یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور)



**صفدر رشید**

پی ایچ ڈی اردو ادب
(فیڈرل اردو یونیورسٹی، اسلام آباد)



**عرفان احمد** (ڈائریکٹر آئی ٹی)

بی ایس۔ آئی ٹی
(فاسٹ۔ این یو، لاہور)



**فیصل شریف** (ڈائریکٹر اکاؤنٹس اینڈ فنانس)

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ



**محمد آصف**

(اسسٹنٹ وارڈن اینڈ کیئرٹیکر)



**سمریز حفیظ**

ایم فل ایجوکیشنل پالیسی اینڈ ڈویلپمنٹ
(یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور)



**منیب احمد**

بی بی اے (فاسٹ این یو، لاہور)



**فیضان اختر**

بی ایس (آنرز) ماس کمیونیکیشنز
(ایف سی کالج یونیورسٹی، لاہور)



**حارث ابرار**

بی بی اے
(ایف سی کالج یونیورسٹی، لاہور)



**علی احمد**

بی ایس (آنرز) ایجوکیشن
(ایف سی کالج یونیورسٹی، لاہور)

آیئے زاویہ ٹرسٹ سکول کی **تعمیر** میں ہمارا ساتھ دیجیے۔

**Donate Generously**

زکوٰۃ اور عطیات کیلئے رابطہ کیجئے

+92 333 423 3581, +92 333 405 1313, +92 301 559 5861

contact@zaawiya.org.pk

www.twitter.com/ZaawiyaSchool

www.facebook.com/ZaawiyaSchool

www.zaawiya.org.pk